## سوال

کیا عورت کے ساتھ صحبت کرنے کے بعد منی خارج نہیں ہوتی اسوقت کیا غسل کرن جائے

## جواب

خروج منی کے بغیر غسل کا حکم السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ دوران جماع اگر منی خارج نہ ہو تو کیا غسل کرنا واجب ہے ۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال و علیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمدللہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! جب عورت کی شرم گاہ کے ساتھ مرد کی شرمگاہ لگ جائے تو غسل واجب ہو جاتا ہے، خواہ منی خارج ہو یا نہ ہو۔ سیدہ عائشہ فرماتی ہیں : إِذَا جَاوَزَ الْخِتَانُ الْخِتَانَ فَقَدْ وَجَبَ الْغُسْلُ ، فَعَلْتُهُ أَنَا وَرَسُولُ اللّٰهِ ﷺ فَاغْتَسَلْنَا (ترمذی : 108، صحیح) جب مرد کے ختنہ کا مقام (عضوتناسل) عورت کے ختنے کے مقام (شرمگاہ) سے مل جائے تو غسل واجب ہوگیا، میں نے اور رسول اللہ ﷺ نے ایسا کیا تو ہم نے غسل کیا۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## محدث فتویٰ کمیٹی

دارالافتاء محدث